26813 ـ دن کے وقت رمضان کے چاند کا علم ہوا توروزہ رکھ لیا

سوال

ہمارے بعض مسلمان بھائیوں کورمضان کے چاندنکلنے کا علم نہ ہوسکا لیکن طلوع شمس کے بعد انہیں پتہ چلا کہ چاند تو نظر آچکا ہے لھذا انہوں نے اپنا روزہ پورا کیا ، توکیا یہ روزہ کافی ہوگا یا کہ انہیں بعد میں پھر رکھنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس دن کچھ نہ کھا پی کر اچھا کیا لیکن انہیں اس دن کے بدلے میں روزہ رکھنا ہوگا ۔

دیکھیں فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (10 / 245) ۔

اس دن کے روزے کی قضاء کا سبب یہ ہے کہ انہوں نے رات کو روزے کی نیت نہیں تھی اس لیے روزہ رکھنا ہوگا کیونکہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جو کوئی بھی فجر سے قبل روزے کی نیت نہیں کرتا اس کا روزہ نہیں)

مسند احمد (6 / 287) سنن ابوداود حدیث نمبر (2454) سنن ترمذی حدیث نمبر (730) سنن نسائي حدیث نمبر (2331) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابوداود (2143) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے ۔

واللہ اعلم .